13.10.2026

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... ضمیر رضوی

Music

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت کی یہ لگاتار کوشش رہی ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائے کہ بھارت کی صلاحیتیں، دوسرے ملکوں کیلئے بھی امکانات کے نئے دروازے کھولیں۔ وزیراعظم نے نئی دِلی میں بلومبرگ نیو ایکانومی فورم سے خطاب کیا۔

☆ بھارت نے پہلی BIMSTEC وزرائے داخلہ میٹنگ کی میزبانی کی۔ وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ BIMSTEC، علاقائی یکجہتی، اقتصادی تعاون اور اجتماعی سلامتی کے اہم پلیٹ فارم کے طور پر اُبھرا ہے۔

☆ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ، IMF نے 2026-27 کیلئے بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار، GDP کی ترقی کے تخمینے کو بڑھا کر سات فیصد کردیا ہے۔

☆ کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند آج سے اپنے دو روزہ بھارت دورے پر رہیں گی۔

☆ اور ...... شیفالی ورما اور شبھمن گِل کو ICC کی جانب سے ستمبر 2026 کیلئے خواتین اور مردوں کے Player of the Month قرار دیا گیا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے---

PM Economy Forum

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مرکز نے اپنی گورننس اور کام کرنے کے طور طریقوں میں بااختیار بنائے جانے کا اصول اپنایا ہے۔ نئی دلّی میں، Bloomberg New Economy Forum میں خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ بھارت کی ترقی، اجتماعی نمو اور ساجھا مواقع پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار کا مطلب صرف آگے بڑھنے کی صلاحیت نہیں ہے بلکہ یہ دوسروں کو بااختیار بنانے کی صلاحیت بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دور میں ڈیجیٹل قوت، اِس تبدیلی کا ایک اہم عنصر بن کر ابھری ہے اور اِس ویژن کو آگے بڑھانے میں یہ ایک اہم کردار ادا کررہی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ڈیجیٹل قوت نے بھارت کیلئے وسیع مواقع کے دروازے کھول دیئے ہیں۔

SB - 1415 - PM on Innovation

وزیرِ اعظم نے کہا کہ حکومت کی یہ مسلسل کوشش ہے کہ اِس بات کو یقینی بنایا جائے کہ بھارت کی صلاحیتیں دیگر ملکوں کیلئے

بھی مواقع کے نئے دروازے کھولیں۔ جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت نے پچھلی دہائی میں 25 کروڑ لوگوں کو غریبی کی سطح سے اوپر اٹھایا ہے۔

SB - 1415 - PM Modi - 25 Crore

BIMSTEC Home Minister

بھارت، آج نئی دلّی میں کثیر رخی تکنیکی اور اقتصادی تعاون کیلئے بنگال اقدام یعنی BIMSTEC کے وزرائے داخلہ کی پہلی میٹنگ کی میزبانی کررہاہے۔ یہ تاریخی میٹنگ دہشت گردی، منظّم جرائم، نارکوٹکس، انتہا پسندی، غیر قانونی تجارت اور سائبر خطرات سے نمٹنے کے تئیں مشترکہ عزم کی علامت ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے، وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ علاقائی سلامتی، اقتصادی تعاون اور مجموعی سیکورٹی کیلئے BIMSTEC ایک اہم پلیٹ فارم بن کر ابھرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت واسو دھیو کٹمبکم کے اصول کے تحت ہمیشہ امن اور انسانی فلاح و بہبود کیلئے پُرعزم رہا ہے۔

SB - Amit Shah

بھارت کی دہشت گردی کو بالکل برداشت نہ کرنے کی پالیسی کی توثیق کرتے ہوئے، وزیرِ داخلہ نے اجتماعی عزم کیلئے کہا، جس سے اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ خطے میں پناہ، بھرتی کرنے، تربیت دینے، فنڈنگ کرنے اور پڑوسی ملکوں کے خلاف سرگرمیوں کی خاطر دہشت گرد اپنے نیٹ ورک کیلئے جگہ نہ حاصل کرسکیں۔

SB - Amit Shah

دہشت گردی کے خلاف تعاون پر بات کرتے ہوئے، وزیرِ موصوف نے نوڈل ایجنسیوں کے ذریعے انٹلی جنس کے تبادلے اور دہشت گردی کو فنڈنگ کرنے اور منظّم جرائم کے خلاف بہتر تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔

انہوں نے سبھی BIMSTEC ممبر ملکوں سے تعاون کو مضبوط کرنے کو کہا تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ کوئی بھی مجرم یا دہشت گرد قانون کی گرفت سے باہر نہ جاسکے، بھلے ہی وہ کہیں بھی چھپا ہوا ہو۔ BIMSTEC ایک علاقائی تنظیم ہے، جس کا قیام 1997 میں عمل میں آیا تھا۔ خلیجِ بنگال کے اطراف کے ملکوں اور اس کے پڑوسی ملکوں کے درمیان تکنیکی اور اقتصادی تعاون کو فروغ دینا اس کا مقصد ہے۔ BIMSTEC میں بنگلہ دیش، بھوٹان، بھارت، میانما، نیپال، سری لنکا اور تھائی لینڈ سات ممبر ملک شامل ہیں۔x

IMF - India Growth

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ IMF نے 2026-27 کیلئے بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کی شرح نمو کے تخمینے کو چھ اعشاریہ چار سے بڑھا کر سات فیصد کردیا ہے۔ IMF نے اپنی رپورٹ World Economic Outlook میں کہا ہے کہ تخمینے میں کیا گیا یہ تجزیہ توقع سے زیادہ نمو کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ اس نے کہا ہے کہ بھارت ترقی کے تجزیوں کی بنیاد پر ممتاز ملک بن کر ابھر رہا ہے، جس سے مستحکم اور طاقتور ترقی کی نشاندہی ہوتی ہے۔x

PK Mishra Data

وزیرِ اعظم کے پرنسپل سکریٹری پی کے مشرا نے آج کہا ہے کہ شواہد پر مبنی پالیسی بنانے اور خاص طور سے مصنوعی ذہانت

کے دور میں ڈیٹا کو جمع کرنا اور اس کا تجزیہ کرنا بہت ضروری ہے۔ نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں اعداد و شمار کی وزارت اور پروگرام کے نفاذ سے متعلق کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے، جناب مشرا نے کہا کہ بھارت کی ترقی کے سفر میں ڈیٹا ایک بنیاد کی حیثیت رکھتا ہے۔x

Guwahati Seva Sankalp Abhiyan

وزیراعظم نریندر مودی نے عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کرلیے ہیں۔''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر اور پختہ عزم کے ساتھ یہ سفر آگے بڑھا ہے اور یہ سلسلہ آج بھی جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اُن کے نظریے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے سرکار 2047 تک وِکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی سمت لگاتار کام کررہی ہے۔
اپنی خصوصی سیریز کے تحت آج ہم اِس بات کا تذکرہ کررہے ہیں کہ بھارت کے شمال مشرقی خطے میں اِس نظریے سے کس طرح امن، استحکام اور ترقی کو عملی شکل دی گئی ہے۔

VC Rakesh Doley

مرکزی حکومت نے سال 2014 سے ایکٹ ایسٹ پالیسی کے تحت شمال مشرقی خطے کو اسٹریٹجک گیٹ وے کے طور پر پوزیشن دی ہے۔ وزارتِ داخلہ کے مطابق خطے میں شورش پسندی سے متعلق واقعات میں 70 فیصد سے زیادہ کی کمی آئی ہے۔ سلامتی کی صورتحال میں یہ بہتری، مسلح گروپوں کے ساتھ 12 سے زیادہ امن سمجھوتوں کا نتیجہ ہے۔ اِن گروپوں میں بوڈو، کربی اور اُلفا کے دھڑے شامل ہیں، جن کے 10 ہزار سے زیادہ لڑاکوں نے خودسپردگی کی۔
اِس استحکام کے نتیجے میں کئی علاقوں سے مسلح افواج کے خصوصی اختیارات کا قانون ہٹا لیا گیا۔ مستحکم صورتحال کے بعد مرکز نے خطے میں ریکارڈ سرمایہ کاری کی۔
PM-DevINE اسکیم جیسے مخصوص فنڈز کے ذریعے سبھی آٹھ ریاستیں بڑے پیمانے پر بنیادی ڈھانچے کی تبدیلی سے گزر رہی ہے، جن میں ہر طرح کے موسم میں فعال قومی شاہراہوں سے لے کر نئے ریلوے نیٹ ورک اور ہوائی اڈّے شامل ہیں۔ سال 2023 میں اپنے آسام دورے میں وزیراعظم نریندر مودی نے کہا تھا کہ اب شمال مشرقی بھارت، ملک کے بڑے معاشی مراکز میں سے ایک بننے کی راہ پر گامزن ہے۔

Byte: PM

ماہرین کا ماننا ہے کہ حکومت کا یہ ہمہ گیر نظریہ، شمال مشرقی بھارت کو ایک سرحدی محاذ سے نکال کر ملک کے اہم معاشی ترقی کے انجن کے طور پر قائم کررہا ہے۔
گواہاٹی سے راکیش ڈولے کی رپورٹ کے ساتھ اردوخبروں کیلئے میں...........ماہتاب عالم

Canada FM India

کناڈا کی خارجی امور کی وزیر انیتا آنند آج سے بھارت کا دو دن کا دورہ کریں گی۔ اپنے دورے کے دوران کل وہ وزیرِ خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور ہنرمندی کی ترقی اور انٹرپرینیورشپ کے وزیر جینت چودھری سے ملاقات کریں گی۔x

Delhi Police CJP

دلّی پولیس نے CJP رہنما سورَو داس اور آشوتوش Ranka کو حراست میں لیا ہے، جو قومی راجدھانی دلّی کے جنرمنتر میں داخل ہونے کی کوشش کررہے تھے۔ دلّی پولیس نے کل نامزد احتجاج کرنے کے مقام کے طور پر جنترمنتر کو ہٹا دیا ہے۔ احتجاج اور مظاہروں کی نئی جگہیں رام لیلا میدان، بُراڑی کا میدان اور مشرقی دلّی میں CBD میدان ہیں۔x

Bhupender Delhi Pollution

ماحولیات اور جنگلات کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے دِلی کی وزیراعلیٰ ریکھا گپتا کے ساتھ آج نئی دِلی میں پانچ عوامی EV چارجنگ اسٹیشنوں کا آغاز کیا اور 13 نئے Continuos Air Quality Monitoring اسٹیشنوں کا افتتاح کیا۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب یادو نے دِلی میں آلودگی پر قابو پانے کے اقدامات کے نفاذ میں محترمہ گپتا کی قیادت کی یہ کہتے ہوئے ستائش کی کہ حکومت نے آلودگی کے بڑے ہاٹ اسپورٹ پر 11 اقدامات پرعمل آوری کے اقدامات کئے ہیں۔x

MEA Costa Rica

Costa Rica کے San Jose میں، بھارت کے نئے Resident مشن نے کام کاج شروع کردیا ہے۔ اس قدم سے وسطی امریکہ میں بھارت کی سفارتی پہچان کو تقویت ملے گی۔ توقع ہے کہ یہ مشن Costa Rica اور بھارت کے درمیان باہمی رشتوں کو مزید مضبوط کرے گا۔ وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ یہ سیاسی رابطوں کے درمیان دوری کو بھی کم کرے گا، باہمی تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون اور باہمی مفاد کے شعبوں میں تعاون کو مضبوط کرے گا۔x

Nepal Flood

نیپال میں ہفتے کے آخر میں آنے والے سیلاب سے Hiking Trails اور پُل بہہ جانے سے مختلف مقامات پر سو سے زیادہ غیر ملکی کوہ پیما پھنسے ہوئے ہیں۔ حکام نے 321 لوگوں کو بچا لیا ہے، جن میں 12 غیرملکی افراد بھی شامل ہیں۔ کاٹھمنڈو سے سوکلومیٹر مغرب میں واقع گورکھا ضلع میں کل صبح سویرے مٹی کے تودے گرنے کے بعد بوڑھی گنڈکی ندی بلاک ہوگئی، جس سے نیچے کی طرف سیلاب آگیا۔ فوج نے کہا ہے کہ آج بھی بچاؤ اور راحت رسانی کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔x

Punjab Anti Drug Activist Killed

پنجاب کے Mansa میں آج ایک منشیات مخالف کارکن پروِندر سنگھ Jhota کو مبینہ طور پر ایک Chemist نے دن دہاڑے گولی مارکر ہلاک کردیا۔ آج یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا، جب پروِندر سنگھ مبینہ طور پر منشیات بیچنے پر اعتراض کرنے کیلئے Chemist کی دکان پر گئے تھے۔ منشیات مخالف کارکن اور اُن کے ساتھیوں کے ساتھ بحث کے دوران Chemist نے پروِندر پر گولی چلا دی۔ انہیں تین گولیاں لگیں اور انہیں سول اسپتال لے جایا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دے دیا۔x

ICC Player Of thd Month

شیفالی ورما اور شبھمن گِل کو ICC کی جانب سے ستمبر 2026 کیلئے خواتین اور مردوں کے Player of the Month قرار دیا گیا ہے۔ خواتین سلامی بلے باز شیفالی ورما کو خواتین کے ایشیا کپ اور ایشین گیمز میں بہترین بلے بازی کے بدلے یہ اعزاز دیا گیا۔

وہیں بھارتی کپتان شبھمن گِل نے ویسٹ انڈیز کے خلاف کھیلی گئی ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز میں غیرمعمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ریکارڈ پانچویں مرتبہ یہ اعزاز اپنے نام کیا۔×

Badminton Denmark Open

ڈنمارک اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کا آج Odense میں آغاز ہورہاہے۔ خواتین سنگلز کے راوئنڈ میں پی وی سندھو کا مقابلہ آج اولمپک چمپئن اور عالمی نمبر ایک کھلاڑی جنوبی کوریا کی An Se-Young سے ہوگا، جبکہ تنوی شرما جاپان کی Natsuki Nidaira کا سامنا کریں گی۔ اس کے علاوہ Ashmita Chaliha، دیویکا سِہاگ اور اُنتی ہڈا گل اپنے اپنے کوارٹر فائنل میچ کھیلیں گی۔

مردوں کے سنگلز میں لکشیہ سین اور کدامبی سری کانت بھی آج اپنے اپنے میچ کھیلیں گے۔×

☆☆☆☆☆